PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " سیاسی انتخابات "

## " الیکشن "

# کم اکثریت پاکستانی (48%) الیکشن 2018 کے انتخابات منصفانہ ہونے کے حوالے سے پراُمید ہیں، جو کہ 2013 کے انتخابی وقت سے پہلے سے کافی کم ہیں: گیلپ & گیلانی پاکستان،


اسلام آباد، 20 فروری، 2018

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، کم اکثریت پاکستانی (48%) الیکشن 2018 کے انتخابات منصفانہ ہونے کے حوالے سے پراُمید ہیں، جوکہ 2013 کے انتخابی وقت سے پہلے سے کافی کم ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ،" **آپ کے خیال میں اس سال ہونے والے عام انتخابات آزادانہ منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہونگے یا دھاندلی ہونے کا امکان ہے ؟**"، اس سوال کے جواب میں 48% جوابدہندگان کے مطابق اس سال ہونے والے عام انتخابات آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہونگے، جبکہ 40% جوابدہندگان کے مطابق اس سال ہونے والے عام انتخابات میں دھاندلی ہونے کا امکان ہے، تاہم 12% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہی سوال الیکشن 2013 سے پہلے بھی پوچھا گیا تھا، اس سوال کے جواب میں 61% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ آئندہ ہونے والے عام انتخابات آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہونگے، جبکہ 38% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ آئندہ ہونے والے عام انتخابات میں دھاندلی ہونے کا امکان ہے، تاہم 1% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا تھا۔ دونوں نتائج کے موازنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابھی تک انتخابات میں شفافیت کے بارے میں یقین نہ ہونے والے پاکستانیوں کی شرح میں 11% اضافہ ہوا ہے، آزاد اور منصفانہ انتخابات کی توقع رکھنے والوں میں پاکستانیوں کی شرح میں 13% کمی ہوئی ہے اور 2018 کے انتخابات میں دھاندلی ہونے کی توقع رکھنے والے پاکستانیوں کی شرح میں 2% اضافہ ہوا ہے۔

"آپ کے خیال میں اس سال ہونے والے عام انتخابات آزادانہ منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہونگے یا دھاندلی ہونے کا امکان ہے ؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

انتخابی سیزن کے آغاز پر، اس سروے کے نتائج انتخابی نظام پر عام آبادی / عوام کے اعتماد کی تلخ تصویر کو ظاہر کرتے ہیں۔ کوتاہی / بد عنوانی اور دھاندلی کے اتنے زیادہ امکانات کے ساتھ، انتخابات میں ٹرن آؤٹ (ووٹ کاسٹ کرنے والے ووٹرز) کی شرح 2013 کے انتخابات سے کم ہو سکتی ہے اور سب سے اہم انتخابات کے بعد انتخابات میں شکست کا سامنا کرنے والی پارٹی کی جانب سے نتائج کو قبول کرنے کے حوالے سے ایک مسئلہ بن سکتا ہے۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1719 مرد و خواتین سے 21 جنوری تا 27 جنوری 2018 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, February 20, 2018**
*(2 Pages, Urdu version Only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2018

celebrating
38
years
of Gallup Pakistan
(1980-2018)